NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON FEDERAL EDUCATION, PROFESSIONAL TRAINING, NATIONAL HERITAGE AND CULTURE ON THE MINORITY EDUCATIONAL SEATS BILL, 2021

I, Chairman of the Standing Committee on Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture have the honor to present this report on the Bill to provide protection to the interest of minority students, their identity, beliefs, citizenship and their welfare and for matters connected therewith and incidental thereto [The Minority Educational Seats Bill, 2021] (Private Member's Bill) referred to the Committee on 8th January, 2020.

2. The Committee comprises the following:-

1.	**Mian Najeeb Ud Din Awaisi**	**Chairman**
2.	Mr. Ali Nawaz Awan	Member
3.	Mr. Sadaqat Ali Khan	Member
4.	Ms. Javairia Zafar Aheer	Member
5.	Mr. Umar Aslam Khan	Member
6.	Mr. Muhammad Farooq Azam Malik	Member
7.	Ms. Nafeesa Inayatullah Khan Khattak	Member
8.	Ms. Andleeb Abbas	Member
9.	Ms. Ghazala Saifi	Member
10.	Ms. Asma Qadeer	Member
11.	Ms. Tashfeen Safdar	Member
12.	Mrs. Farukh Khan	Member
13.	Ms. Mehnaz Akber Aziz	Member
14.	Ch. Muhammad Hamid Hameed	Member
15.	Ms. Kiran Imran Dar	Member
16.	Ms. Musarrat Asif Khawaja	Member
17.	Mr. Abid Hussain Bhayo	Member
18.	Ms. Mussarat Rafiq Mahesar	Member
19.	Dr. Shazia Sobia Aslam Soomro	Member
20.	Mr. Asmatullah	Member
21.	Mr. Shafqat Mahmood, Minister for Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture	Ex-officio Member

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly, placed at **Annexure-'A'**, in its meetings held on 24-01-2020, 11-01-2021 and recommends that the Bill may be passed by the National Assembly.

Sd/-
(MIAN NAJEEB UD DIN AWAISI)
Chairman

Sd/-
(TAHIR HUSSAIN)
Secretary
Islamabad, the 5th March, 2021

[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

A

Bill

to provide protection to the interest of minority students, their identity, beliefs, citizenship and their welfare and for matters connected therewith and incidental thereto;

WHEREAS it is expedient to provide safeguard the legitimate rights and interests of religious minorities and for promotion of social justice;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title, extent and commencement.-** (1) This Act may be called the Minority Educational Seats Act, 2021.

(2) It extends to the Islamabad Capital Territory.

(3) It shall come into force at once.

2. **Definitions.-**In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context,-

(a) "Act" means the Minority Educational Seats Act, 2019;

(b) "affiliated college" means an educational institution affiliated to the University but not maintained or administered by it;

(c) "college" means a constituent college or an affiliated college;

(d) "constituent college" means an educational institution, by whatever name described, maintained and administered by the University;

(e) "constituent school" means an educational institution, by whatever name described, maintained and administered by the Federal Government under any law;

(f) "institution" means institution that provides education as its main purpose, such as a school, college, constituent college, university or training centre;

(g) "minority" for the purpose of this Act means a community notified as such by the Federal Government;

(h) "prescribed" means prescribed by rules made under this Act; and

(i) "University" means any of the degree-awarding institutions listed in the Schedule to the Federal Universities Ordinance, 2002 (CXX of 2002).

3. **Allocation of additional seats for minorities.-** The Federal Government shall allocate five percent additional seats for admissions of the sanctioned strength in the institution for the students belonging to minority communities within six months after the commencement of this Act.

4. **Liability of institution.**-The institution in the Islamabad Capital Territory shall be liable to ensure allocation of five percent seats of the sanctioned strength to the students for the minority communities.

5. **Responsibility of Higher Education Commission.**- Higher Education Commission shall be responsible for the implementation of the Act.

6. **Penalties.**- (1) Whoever does or attempts to do, any act in contravention of this Act, shall be punishable with fine which may extend to five hundred thousand rupees.

(2) Whoever is again convicted thereunder shall, on every subsequent conviction, be punishable with imprisonment for a term which may extend to six month, or with fine which may extend to one million rupees, or with both.

7. **Act not in derogation.**- The provisions of this Act shall be in addition to and not in derogation of any other law for the time being in force.

8. **Power to make rules.**- The Federal Government may, by a notification in the official Gazette, make rules to carry out the purpose of this Act.

9. **Cognizance of offence.**- No Court inferior to a court of Magistrate of the first class shall try offence against this Act.

STATEMENTS OF OBJECTS AND REASONS

It is the responsibility of the state to protect the rights of the minorities envisaged under the Islamic principles and under Articles 36 and 37 of the Constitution of Pakistan. Special education seats under the law will elevate the status of the minorities in Pakistan and will spread a positive message to the International community. It is the duty of the state under Articles 36 and 37 of the Constitution to ensure the minority interests and their due representation. Seats for minorities will provide bright future of the religious minorities. It is also International obligation to safeguard the legitimate rights and interests of religious minorities and promote social justice.

Sd/-
MR. JAMES IQBAL
Member, National Assembly

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

اقلیتوں کے لئے تعلیمی نشستیں بل، ۲۰۲۱ء پر قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم، پیشہ وارانہ تربیت، قومی ورثہ وثقافت کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم، پیشہ وارانہ تربیت، قومی ورثہ وثقافت ۸/ جنوری، ۲۰۲۰ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ اقلیتی طلباء کے مفادات، ان کی شناخت، عقائد، شہریت اور بہبود کے تحفظ اور اس سے منسلک اور اس کے ضمنی معاملات کے لئے احکام وضع کرنے کے بل [اقلیتوں کے لئے تعلیمی نشستیں بل، ۲۰۲۱] (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

۱۔	میاں نجیب الدین اویسی	چیئرمین
۲۔	جناب علی نواز اعوان	رکن
۳۔	جناب صداقت علی خان	رکن
۴۔	محترمہ جویریہ ظفر آھیر	رکن
۵۔	جناب عمر اسلم خان	رکن
۶۔	جناب محمد فاروق اعظم ملک	رکن
۷۔	محترمہ نفیسہ عنایت اللہ خان خٹک	رکن
۸۔	محترمہ عندلیب عباس	رکن
۹۔	محترمہ غزالہ سیفی	رکن
۱۰۔	محترمہ اسماء قدیر	رکن
۱۱۔	محترمہ تاشفین صفدر	رکن
۱۲۔	بیگم فرخ خان	رکن
۱۳۔	محترمہ مہناز اکبر عزیز	رکن
۱۴۔	چوہدری محمد حامد حمید	رکن
۱۵۔	محترمہ کرن عمران ڈار	رکن
۱۶۔	محترمہ مسرت آصف خواجہ	رکن
۱۷۔	جناب عابد حسین بھائیو	رکن
۱۸۔	محترمہ مسرت رفیق مہیسر	رکن
۱۹۔	ڈاکٹر شازیہ ثوبیہ اسلم سومرو	رکن
۲۰۔	جناب عصمت اللہ	رکن
۲۱۔	جناب شفقت محمود، وزیر برائے وفاقی تعلیم، پیشہ وارانہ تربیت، قومی ورثہ وثقافت	رکن بالحاظ عہدہ

۳۔ کمیٹی نے ۲۴ر جنوری، ۲۰۲۰ء اور ۱۱ر جنوری، ۲۰۲۱ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں منسلکہ "الف" کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور سفارش کرتی ہے کہ قومی اسمبلی بل کی منظوری دے۔

دستخط/۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری

دستخط/۔
(میاں نجیب الدین اویسی)
چیئرمین

اسلام آباد، ۵ر مارچ، ۲۰۲۱ء

مسلکہ۔الف

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

اقلیتی طلباء کے مفادات، ان کی شناخت، عقائد، شہریت اور بہبود کے تحفظ اور اس سے منسلک اور اس کے ضمنی معاملات کے لئے احکام وضع کرنے کا بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ مذہبی اقلیتوں کے جائز حقوق اور مفادات کے تحفظ اور سماجی انصاف کے فروغ کے لئے قانون وضع کیا جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان، وسعت و آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا اقلیتوں کے لئے تعلیمی نشستیں ایکٹ، ۲۰۲۱ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد پر وسعت پذیر ہو گا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **تعریفات:** ایکٹ ہذا میں، بجز اس کے کہ متن یا سیاق میں کوئی امر اس کے منافی ہو۔۔

(الف) "ایکٹ" سے مراد اقلیتی تعلیمی نشستوں کا ایکٹ، ۲۰۱۹ء ہے؛

(ب) "الحاق شدہ کالج" سے مراد یونیورسٹی سے الحاق شدہ کوئی تعلیمی ادارہ ہے لیکن اس کے پاس اس کی دیکھ بھال اور انتظام نہیں ہے؛

(ج) "کالج" سے مراد حلقہ بند کالج یا الحاق شدہ کالج ہے؛

(د) "حلقہ بند کالج" سے مراد کوئی تعلیمی ادارہ، چاہے کسی بھی نام سے ہو، جس کی دیکھ بھال اور انتظام یونیورسٹی چلا رہی ہے؛

(ہ) "حلقہ بند اسکول" سے مراد کوئی تعلیمی ادارہ، چاہے کسی بھی نام سے ہو، جس کی کسی قانون کے تحت وفاقی حکومت دیکھ بھال اور انتظام چلا رہی ہے؛

(و) "ادارہ" سے ایسا ادارہ مراد ہے جس کا بنیادی مقصد تعلیم فراہم کرنا ہو، جیسے کوئی اسکول، کالج، حلقہ بند کالج، یونیورسٹی یا تربیتی مرکز؛

(ز) ایکٹ ہذا کی غرض کے لئے "اقلیت" سے مراد ایک ایسا طبقہ ہے جس کا اعلان وفاقی حکومت نے کیا ہو؛

(ح) "مقررہ" سے مراد ایکٹ ہذا کے تحت وضع کردہ قواعد کے ذریعے مقررہ ہے؛ اور

(ط) "جامعہ" سے ڈگری دینے والا ادارہ مراد ہے جو وفاقی جامعات آرڈیننس، ۲۰۰۲ء (نمبر ۱۲۰ بابت ۲۰۰۲ء) کے جدول میں شامل ہو۔

۳۔ **اقلیتوں کے لئے اضافی نشستوں کی تخصیص:** وفاقی حکومت ایکٹ ہذا کے آغاز نفاذ کے بعد چھ ماہ کے اندر اقلیتی برادریوں سے تعلق رکھنے والے طلباء کے لئے ادارے میں پانچ فیصد اضافی نشستیں مختص یا منظور شدہ تعداد کے داخلے کرے گی۔

۴۔ **ادارہ کی ذمہ داری:** علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں موجود ادارہ منظور شدہ تعداد کا پانچ فیصد اقلیتی برادری کے طلباء کے لئے مختص کرنے کو یقینی بنانے کا ذمہ دار ہو گا۔

۵۔ **اعلیٰ تعلیمی کمیشن کی ذمہ داری:** اعلیٰ تعلیمی کمیشن ایکٹ ہذا پر عملدرآمدگی کا ذمہ دار ہو گا۔

٦۔ **جرمانے:** (۱) جو کوئی ایکٹ ہذا کی خلاف ورزی کرتے ہوئے کوئی اقدام کرتا ہے یا کرنے کی کوشش کرتا ہے تو وہ زیادہ سے زیادہ پانچ لاکھ روپے تک جرمانہ کا مستوجب ہو گا۔

(۲) جو کوئی جسے ایکٹ ہذا کے تحت پہلے ہی کسی جرم میں سزا دی جا چکی ہے، اس کے تحت دوبارہ سزا پاتا ہے تو بعد کی ہر سزا پر زیادہ سے زیادہ چھ ماہ سزائے قید یا جرمانہ جو کہ زیادہ سے زیادہ دس لاکھ روپے ہو سکتا ہے یا دونوں سزاؤں کا مستوجب ہو گا۔

۷۔ **یہ ایکٹ جزوی تنسیخی ایکٹ نہیں:** ایکٹ ہذا کی تصریحات اضافی ہوں گی اور فی الوقت نافذ العمل کسی دیگر قانون کی جزوی تنسیخ باعث نہیں ہوں گی۔

۸۔ **قواعد وضع کرنے کا اختیار:** ایکٹ ہذا کے مقاصد کے حصول کے لئے وفاقی حکومت سرکاری جریدہ میں ایک نوٹیفکیشن کے ذریعے قواعد وضع کر سکے گی۔

۹۔ **جرم کا اختیار سماعت:** مجسٹریٹ درجہ اول کی عدالت سے کم کی کوئی عدالت اس ایکٹ کے خلاف کسی جرم کی سماعت نہیں کرے گی۔

بیان اغراض ووجوہ

یہ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ کرے جیسا کہ اسلامی اصولوں اور پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۳٦ اور ۳۷ میں اس کی صراحت کی گئی ہے۔ اس قانون کے تحت اقلیتوں کے لئے خصوصی ر تعلیمی نشستیں پاکستان میں اقلیتوں کے مقام میں اضافہ کرے گی اور یہ عمل بین الاقوامی برادری کو مثبت پیغام دینے کا سبب بنے گا۔ دستور کے آرٹیکل ۳٦ اور ۳۷ کے تحت یہ ریاستی ذمہ داری ہے کہ وہ اقلیتوں کے مفادات اور ان کی جائز نمائندگی کو یقینی بنائے۔ اقلیتوں کے لئے نشستیں مذہبی اقلیتوں کو روشن مستقبل فراہم کریں گی۔ یہ بین الاقوامی ذمہ داری بھی ہے کہ مذہبی اقلیتوں کے جائز حقوق و مفادات کا تحفظ کیا جائے اور سماجی انصاف کو فروغ دیا جائے۔

دستخط/-

جناب جیمز اقبال

رکن، قومی اسمبلی